© rasailojaraid.com

دین اس دنیا سے رخصت ہوتا تو سب سے پہلے مرحوم کا قلم حرکت میں آتا۔ جماعتی اجلاسوں یا لاہور میں جب کبھی سرراہ ملاقات ہوتی تو نہایت محبت اور شفقت سے ملتے۔ مرحوم طبعاً منکسر المزاج اور سنجیدہ فکر عالم دین تھے۔ غیر سنجیدہ اور بے سروپا حکایت گوئی پسند نہیں کرتے تھے۔ ان کی گفتگو میں عالمانہ وقار کی جھلک نمایاں ہوتی۔ ان کی وفات سے جماعت ایک متحرک، بے لوث اور مخلص رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔ مرحوم جماعت کا قیمتی اثاثہ تھے۔ ادارہ ''حرمین'' جماعت اور جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ مرحوم کے ورثاء بالخصوص ان کے بیٹے حافظ طاہر سلیم قصوری کے صبر جمیل اور ان کی بلندئ درجات کیلئے دعا گو ہیں۔

## رانا حاجی عبدالغفار (منڈی بہاؤالدین) کا انتقال پُرملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع منڈی بہاؤالدین کے سرپرست اور مدرسہ دارالقرآن والحدیث للبنات کے مہتمم جناب حاجی رانا عبدالغفار مورخہ یکم جنوری کو اسلام آباد کے ایک ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون۔ اس سے اگلے روز منڈی بہاؤالدین میں ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

منڈی بہاؤالدین کے احباب جماعت کیلئے یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے اس لئے کہ مرحوم نے اپنی پوری زندگی جماعت اور جامعہ کیلئے وقف کررکھی تھی۔ اپنے اعلیٰ اخلاق کی بدولت مرحوم نے جماعت کے تمام احباب کو ایک لڑی میں پرو رکھا تھا۔ وہ سب کیلئے قابل احترام تھے۔ ان کی وفات سے مقامی جماعت میں بڑا خلاء پیدا ہوگیا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت ان کے ہونہار فرزند ارجمند رانا عبدالرشید صاحب۔ جنہیں ان کے جانشین کے طور پر مدرسہ دارالقرآن والحدیث کا مہتمم مقرر کیا گیا ہے - اپنے والد مرحوم کا خلاء پر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی کیلئے دعائے صحت کی اپیل

استاذ الاساتذہ، مفتیٔ جماعت اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے شیخ الحدیث حضرت العلام مولانا پیر محمد یعقوب صاحب قریشی گزشتہ چند ہفتوں سے سخت علیل ہیں۔ بیماری اور نقاہت کے باوجود طلبہ کو باقاعدہ پڑھا رہے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ حضرت پیر صاحب کی صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے اللہ کے حضور گڑگڑا کر عاجزی سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں علم کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com